کارروائیوں کومکمل کرنے کیلئے ضروری اقدام کریں اور تمام ضروری دستاویزات داخل کریں جیسا کہ لازمی یا اتفاقی طور پر درکار ہوں نیز مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کیلئے تمام ضروری اور/ یا کارروائیاں بشمول تمام منظوریاں یا اجازت ناموں (اگر درکار ہوں) کو حاصل کریں اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان یا دیگر قانونی اداروں کے پاس ضروری دستاویزات داخل کریں۔"

**دیگر کارروائی**

۶۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

(کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت خصوصی کارروائی پر مشتمل ضروری حقائق کا بیان ممبران کو اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ ارسال کیا جا رہا ہے۔)

حسب الحکم بورڈ

کراچی: زبیر رزاق پال والا

۵ جولائی ۲۰۲۳ء کمپنی سیکریٹری

نوٹس :

اے۔ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کی سہولت

کمپنی کا ارادہ ہے کہ غیر معمولی اجلاسِ عام (ای او جی ایم) بذریعہ وڈیو لنک سہولت زیرِ انتظام تیسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں منعقد کیا جائے۔ غیر معمولی اجلاسِ عام موجودہ معاشی صورتحال اور ملک میں بے یقینی کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کے موجودہ اقدامات کے تحت وڈیو لنک سہولت کے ذریعے منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس صورتحال کے تحت کمپنی نے پلان کیا ہے کہ غیر معمولی اجلاسِ عام ملک بھر سے ممبران کی بڑی تعداد میں شرکت کا موقع فراہم کرنے اور شیئر ہولڈرز کیلئے شرکت کے کم سے کم اخراجات کے پیشِ نظر الیکٹرونکلی طریقہ کار کے تحت منعقد کیا جائے۔

غیر معمولی اجلاس عام میں وڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت کرنے کے خواہشمند شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہٰذا ہدایت کی جاتی ہے وہ درج ذیل معلومات فوری طور پر یا غیر معمولی اجلاس عام کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل یعنی زیادہ سے زیادہ ۲۴ جولائی ۲۰۲۳ء شام ۴:۳۰ بجے تک cdcsr@cdcsrsl.com پر ای میل یا جلد از جلد واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 کرنے کے ذریعے خود کو کمپنی کے ذریعے رجسٹرڈ کرا لیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

آن لائن اجلاس کے لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کر دی جائیں گی جو درج بالا کے مطابق اپنے تمام مطلوبہ کوائف اجلاس میں شرکت کے ارادے کی اطلاع کے ساتھ ۲۴ جولائی ۲۰۲۳ء شام ۴:۳۰ بجے تک فراہم کر دیں گے۔

تمام ممبران کو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ کوئی بھی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک پراکسی کا تقرر کر سکتا/کر سکتی ہے، پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔

شیئرز کے کسی بھی انفرادی بینیفیشل اونر کو اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبرز اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے ہمراہ لانے ہوں گے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط (اگر یہ پہلے جمع نہ کرائے گئے ہوں) کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گے۔

بی۔ کتاب کی بندش

شیئر ٹرانسفر بکس ۲۰ جولائی ۲۰۲۳ء تا ۲۶ جولائی ۲۰۲۳ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہر طرح سے مکمل صورت میں ۱۹ جولائی ۲۰۲۳ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل)، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ کو موصول ہو جائیں گے انہیں غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

سی۔ پتے کی تبدیلی

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔

ڈی۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست

ممبران لاہور اور اسلام آباد میں وڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہِ مہربانی درج ذیل فارم کو بھریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے ۱۰ روز پہلے جمع کرا دیں۔

اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے کم از کم ۱۰ روز پہلے موصول ہو گئی تو کمپنی وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام اس شہر میں کر دے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

میں/ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بابت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بحیثیت دی سرل کمپنی لمیٹڈ کا ایک شیئر ہولڈر، حامل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بذریعہ ہٰذا بمقام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ———

پر وڈیو کانفرنس سہولت کی طلب رکھتا ہوں/رکھتی ہوں۔

ممبر کے دستخط

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں مکمل تفصیلات کے ساتھ آگاہ کر دے گی۔

ای۔ خصوصی امور کی قراردادوں پر پولنگ

ممبران کو بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ (دی ''ریگولیشنز'') سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''ایس ای سی پی'') کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن مورخہ ۵ دسمبر ۲۰۲۲ء کے ذریعے ترمیم شدہ کے مطابق ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ خصوصی کارروائی کے طور پر تمام مخصوص امور پر اپنے ممبران کو بذریعہ ڈاک اور الیکٹرونگ ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ دینے کا حق فراہم کریں۔

مذکورہ بالا قراردادوں میں شامل شرائط اور صورتحال کی شرائط کے مطابق کمپنی کے ممبران کو آئندہ منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام منعقدہ ۲۶ جولائی ۲۰۲۳ء شام ۴:۳۰ بجے میں مذکورہ بالا ضوابط میں شامل شرائط اور ضرورت کے مطابق خصوصی امور کیلئے بذریعہ ڈاک ووٹنگ یا الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت کے تحت ووٹ دینے کا حق فراہم کیا جائے گا۔۔

ممبران کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.searlecompany.com پر بھی ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے۔

ا۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار

i) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کو ایک ای میل کے ذریعے فراہم کر دی جائیں گے جن کے کارآمد سی این آئی سی نمبر، موبائل فون نمبرز اور ای میل ایڈریسز ۱۸ جولائی ۲۰۲۳ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔

(ii ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیل اور پاس ورڈ سے ممبران کو بذریعہ ای میل آگاہ کردیا جائے گا۔ سیکیورٹی کوڈز سے ممبران کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے آگاہ کیا جائے گا۔

دی سرل کمپنی لمیٹڈ، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر۱، بلاک ۷ اور۸، ڈی ایم سی ایچ ایس، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی۔ ای میل info@searlecompany.com ویب سائٹ www.searlecompany.com

(iii ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند ممبران کی شناخت الیکٹرونک دستخط کی توثیق کے ذریعے یا لاگ اِن کے لئے شناخت کے تحت کی جائے گی۔

(iv ای ووٹنگ لائنز کا آغاز ۲۱ جولائی ۲۰۲۳ء صبح ۹:۰۰ بجے کیا جائے گا اور یہ ۲۵ جولائی ۲۰۲۳ء شام ۵:۰۰ بجے بند ہو جائیں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ کسی بھی ممبر کی جانب سے ایک قرارداد پر ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد اسے بعد ازاں کسی تبدیلی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

۲۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار

ممبران کو اس امر کو یقینی بنانا ہوگا کہ باقاعدہ پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بشمول کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اجلاس کے چیئرمین کو کمپنی کے رجسٹرڈ پتے بمقام دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر۱، بلاک ۷ اور ۸، ڈی ایم سی ایچ ایس، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی یا ای میل muhammad.suleman@searlecompany.com پر ۲۶ جولائی ۲۰۲۳ء کو ہونے والے ای او جی ایم سے ایک دن قبل اوقاتِ کار کے دوران موصول ہو جائیں۔ بیلٹ پیپر پر کئے جانے والے دستخط سی این آئی سی پر موجود دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ کا شیڈول اور طریقہ کار کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.searlecompany.com پر اجلاس سے کم از کم سات (۷) دن قبل فراہم کر دیا جائے گا۔

### اسکروٹنائزر کے بارے میں معلومات

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کے ضوابط ۴(۴) اور ۱۱ کے حوالے سے، ذیل میں دی سرل کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کے آئندہ ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) کے مقصد کے لیے سکروٹنائزر سے متعلق معلومات دی گئی ہیں جو ۲۶ جولائی ۲۰۲۳ کو منعقد کیا جائے گا۔

| اسکروٹنائزر کا نام | میسرز UHY حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس |
|---|---|
| قابلیت اور تجربہ | فرم نے پچھلی دہائی کے دوران ملک میں سرکاری اور نجی شعبے کی تنظیموں کو آڈیٹنگ ٹیکسیشن، بزنس ایڈوائزری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انسانی وسائل اور کارپوریٹ خدمات پیش کرنے والی ایک سرکردہ کثیر الشعبہ تنظیم کے طور پر ترقی کی ہے۔<br><br>UHY حسن نعیم اینڈ کمپنی UHY انٹرنیشنل کی ممبر ہے، جو دنیا کے معروف اکاؤنٹنگ اور بزنس ایڈوائزری نیٹ ورک میں سے ایک ہے، جس کے دفاتر دنیا کے ۹۰ ممالک میں ۳۳۰ سے زیادہ کاروباری مراکز میں ہیں۔ فرم کے پاس انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کی طرف سے ایک تسلی بخش کوالٹی کنٹرول ریویو (QCR) کا اسٹیٹس درجہ ہے جو فرم کے برقرار رکھے گئے معیار کو ظاہر کرتا ہے یہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے پینل پر رجسٹرڈ ہے اور USAID کے پینل پر ہے۔ |
| تقرری کا مقصد | کمپنی کو EOGM میں ووٹنگ کے مقصد کے لیے ایک سکروٹنائزر کا تقرر کرنے کی ضرورت ہے تا کہ وہ کاروبار جو کہ متعلقہ کمپنیوں میں سرمایہ کاری سے متعلق ہو جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ میں بتایا گیا ہے<br>لہٰذا میسرز UHY. حسن نعیم اینڈ کمپنی کو اس بات کا مشاہدہ کرنے کے لیے سکروٹنائزر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے کہ ووٹنگ کے عمل کے تسلی بخش طریقہ کار بشمول مناسب احتیاطی تدابیر کو یقینی بنایا گیا ہے اور جیسا کہ ضابطہ 11A کے تحت بتایا گیا ہے۔ |

### کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت ضروری حقائق کا اسٹیٹمنٹ

اس اسٹیٹمنٹ میں ایجنڈا آئٹمز ۲، ۳، ۴ اور ۵ میں درج شدہ خصوصی امور سے متعلق ضروری حقائق درج ہیں جو سرل کمپنی لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ ۲۶ جولائی ۲۰۲۳ء میں انجام دیے جانے ہیں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر ۲: منسلکہ کمپنی میں سرمایہ کاری۔ سرل IV سولوشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

کمپنی کا ارادہ ہے کہ اپنی منسلکہ کمپنی یعنی سرل IV سولوشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''ایس آئی وی'') میں آئی بی ایل آپریشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''آئی بی ایل او پس'') سے -/۳،۵۰۰،۰۰۰،۰۰۰ پاک روپے (تین بلین پانچ سو ملین روپے) کی مجموعی قیمت خرید پر ۱۰۰ فیصد (ایک سو فیصد) شیئر ہولڈنگ کے حصول کے ذریعے انٹراوینس پروڈکٹس کے اضافے کے ذریعے اپنی پروڈکٹس کے پورٹ فولیو میں توسیع دی جائے۔ اس سلسلے میں کمپنی نے اپنے شیئر ہولڈرز سے اپنی منسلکہ کمپنی میں سرمایہ کاری کیلئے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کے مطابق نوٹس کے ایجنڈا آئٹم نمبر ۱ میں فراہم کردہ خصوصی قراردادوں کی منظوری (ترمیم یا بلا ترمیم) طلب کی۔

ایس آئی وی کی ویلیوایشن کے مقاصد کیلئے، جیسا کہ مروجہ قوانین کے تحت لازم ہے، کمپنی نے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی کی خدمات حاصل کیں اور فروخت کنندہ کے ساتھ طے شدہ شرائط ان کی رپورٹ مورخہ ۱۹ مئی ۲۰۲۳ء کی شرائط کے تحت ان کی جانب سے تجویز کردہ ویلیوایشنز کی معاون ہیں۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ ایس آئی وی کی جانب سے لازمی مطلوبہ احتیاط سے کام لیا گیا ہے اور سفارش کی ہے کہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز مذکورہ معاملت کی اجازت دینے کیلئے قراردادوں کو منظور کر لیں۔

کمپنیز (منسلکہ کمپنیوں یا ایسوسی ایشن انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، ۲۰۱۷ (نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او ۱۲۴۰(۱)/۲۰۱۷ مورخہ ۶ دسمبر ۲۰۱۷ء) (دی ''ریگولیشنز'') کے مطابق درکار معلومات نوٹس کے ساتھ منسلکہ اطلاعات ذیل میں درج ہیں:

| سیریل نمبر | تفصیل | درکار معلومات |
|---|---|---|
| (a) | سرمایہ کاری کی تمام اقسام کے لئے اعلانات | |
| (A) | منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر رائٹنگ سے متعلق | |
| (i) | منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر رائٹنگ کا نام | سرل IV سولوشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''ایس وی پی ایل'') |

| | | |
|---|---|---|
| (ii) | تعلقات کار کی بنیاد | ایس آئی وی کمپنی کی ایک منسلکہ کمپنی یعنی آئی بی ایل آپریشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''آئی بی ایل اوپس'') کا ایک ذیلی ادارہ ہے۔<br>انٹرنیشنل برانڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کمپنی اور آئی بی ایل اوپس کی ہولڈنگ کمپنی ہے۔ |
| (iii) | گزشتہ ۳ سالوں کے لئے آمدنی/(خسارہ) فی شیئر | ۲۰۲۲ء ۱۰۵٫۱ پاک روپے فی شیئر<br>۲۰۲۱ء (۱٫۰۶) پاک روپے فی شیئر<br>۲۰۲۰ء (۱۷٫۰) پاک روپے فی شیئر |
| (iv) | تازہ ترین آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات پر مبنی بریک۔اَپ ویلیو فی شیئر | ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات پر مبنی ۴۷۲٫۰۴ روپے فی شیئر |
| (v) | مالیاتی پوزیشن بشمول اس کے تازہ مالیاتی حسابات کی بنیاد پر مالی پوزیشن اور نفع و نقصان اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹ کے مرکزی آئٹمز | ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے ایس آئی وی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کے مطابق:<br>اثاثہ جات: — پاک روپے<br>پراپرٹی، پلانٹ اور ایکوپمنٹ — ۲۳۱،۸۹۳،۸۶۲<br>زیرِ تکمیل کیپٹل ورک — ۲۳۳،۴۳۷،۸۵۷<br>طویل مدتی سرمایہ کاری — NIL<br>اسٹورز اور اسپیئرز — ۸،۷۷۰،۵۷۱<br>اسٹاک اِن ٹریڈ — ۸۸،۳۰۲،۱۷۷<br>ٹریڈ اور دیگر قابل وصولیاں — ۱۱۲،۷۳۹،۹۳۲<br>پیشگی ادائیگیاں اور ایڈوانسز — ۵۹،۶۷۴،۳۱۹<br>نقد اور بینک بیلنسز — ۲۰،۱۳۱،۰۴۸<br>**ایکویٹی**<br>جاری شدہ سبسکرائبڈ اور ادا شدہ کیپٹل — ۱۳۵،۰۰۰،۰۰۰<br>جمع شدہ منافع/خسارہ — ۱۱۹،۰۸۷،۷۹۸<br>شیئر ڈپازٹ کی رقم — ۳۸۳،۱۶۸،۶۱۷<br>**مالیاتی ذمہ داریاں**<br>مالیاتی لیز سے مشروط اثاثہ جات<br>کے عوض مالیاتی ذمہ داریاں — ۳،۲۵۸،۲۴۹<br>موخر مالی ذمہ داریاں — ۲۴،۸۳۸،۳۹۵<br>طویل مدتی قرضہ جات — ۷،۶۸۰،۵۷۲<br>مختصر مدتی قرضہ جات — ۳۰،۰۰۰،۰۰۰<br>لیز مالی ذمہ داریوں کا موجودہ حصہ — ۹۶۷،۷۵۹<br>ٹریڈ اور دیگر قابل ادائی — ۵۰،۹۴۸،۳۷۶ |
| (VI) | منسلکہ انڈرٹیکنگ کیلئے تعلق میں سرمایہ کاری کی صورت میں جنہوں نے آپریشنز کا آغاز نہیں کیا ہو | لاگو نہیں ہوتا |
| (B) | **عمومی اعلانات:** | |
| (i) | کی جانے والی سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ رقم | ایس آئی وی کے شیئرز کے حصول کیلئے مجموعی خریداری کی رقم ۳،۵۰۰،۰۰۰،۰۰۰/- روپے (تین بلین پانچ سو ملین روپے) ہے۔ |
| (ii) | سرمایہ کاری کا مقصد، فوائد اور مدت | ایس آئی وی کا حصول کمپنی کو مکمل ملکیتی ذیلی ادارے کے ذریعے انٹراوینس پروڈکٹس کے اضافے کے ذریعے اس کے پروڈکٹ پورٹ فولیو میں توسیع کا باعث بنے گا۔<br>فوائد: کمپنی کی مینجمنٹ اس امر پر یقین رکھتی ہے کہ یہ اس کے پورٹ فولیو کو نئی سمت سے روشناس کرانے کے ساتھ اس کے منافع جات میں اضافے کا سبب بھی بنے گا جس سے توقع کی جاتی ہے کہ شیئر ہولڈرز کیلئے بھاری منافع جات حاصل کئے جا سکیں گے۔<br>بورڈ نے ایسی سرمایہ کاری کیلئے کوئی مخصوص مدت مقرر نہیں کی ہے لہٰذا بورڈ بااختیار ہے کہ کمپنی جب تک مناسب سمجھے اس سرمایہ کاری کو برقرار رکھے (بشمول وقتاً فوقتاً اس کے کسی حصے کو فروخت کرنے کا اختیار) |

| | | |
|---|---|---|
| (iii) | سرمایہ کاری کیلئے استعمال کئے جانے والے فنڈز کے ذرائع اور جہاں قرضہ شدہ فنڈز استعمال کرنے کا ارادہ ہے:<br>قرضہ جات کے ذریعے سرمایہ کاری کیلئے وضعت، ضمانت، گارنٹیز اور ان فنڈز کے حصول کیلئے مکفول کردہ اثاثہ جات کی تفصیل:<br>لاگت کے فوائد کا جائزہ | سرمایہ کاری کمپنی کی جانب سے رائٹ ایشو کی حاصل شدہ رقوم سے کی جائے گی۔<br>کمپنی نے ۲۵ مئی ۲۰۲۳ء کو رائٹ شیئرز کے ڈیکلریشن کا اعلان کیا تھا۔ |
| (IV) | منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر رائٹنگ کے ساتھ مجوزہ سرمایہ کاری سے متعلق کئے جانے والے معاہدے (معاہدوں) اگر کوئی ہو، کی نمایاں خصوصیات/ خدوخال | کمپنی آئی بی ایل او پس اور کمپنی کے درمیان طے پانے والے شیئرز کی خریداری کے معاہدے کی شرائط کو حتمی شکل دینے کیلئے گفت وشنید کررہی ہے۔ شیئرز کی خریداری کے معاہدے کی شرائط میں کمپنی ایس آئی وی کے جاری شدہ اور ادا کردہ شیئر کیپٹل کا ۱۰۰ فیصد (ایک سو فیصد) ۳،۵۰۰،۰۰۰،۰۰۰/- روپے (تین بلین پانچ سو ملین روپے) کی مجموعی پرائس پر حاصل کرے گی جو قانونی اور ریگولیٹری شرائط پر عملدرآمد سے مشروط ہے۔ فروخت کنندہ یعنی آئی بی ایل او پس شیئرز اور ایس آئی وی کے سلسلے میں معیاری نمائندگیاں اور ضمانتیں فراہم کرے گا۔ |
| (v) | ڈائریکٹرز، اسپانسرز، اکثریتی شیئر ہولڈرز اور ان کے عزیز واقارب اگر کوئی ہو، کا منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر رائٹنگ یا زیرغور معالمت میں براہِ راست یا بلاواسطہ مفاد/ دلچسپی | جناب مونس عبداللہ، جناب زبیر رزاق پال والا اور جناب ایس۔ ندیم احمد جو کمپنی اور آئی بی ایل او پس کے مشترکہ ڈائریکٹرز ہیں اور دونوں کمپنیوں میں شیئرز کے حامل ہیں (اور وہ جو شکوک سے بالاتر ہوں، خصوصی امور پر مشتمل معاملات پر بورڈ کے اجلاس میں ووٹ نہیں دیتے) کے علاوہ کمپنی کے باقیماندہ ڈائریکٹرز کا کمپنی میں ان کی متعلقہ شیئر ہولڈنگ میں توسیع کے علاوہ خصوصی امور کے حوالے سے بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی مفاد نہیں۔<br>اس سلسلے میں آئی بی ایل او پس میں دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹرز کی شیئر ہولڈنگ درج ذیل کے مطابق ہے (آئی بی ایل آپریشنز کے مکمل ملکیتی ذیلی ادارے کی حیثیت سے ایس آئی وی میں بلاواسطہ شیئر ہولڈنگ میں نتیجے کی صورت میں):<br>نام — آئی بی ایل او پس میں شیئرز کی تعداد<br>جناب مونس عبداللہ — ۱<br>جناب زبیر پال والا — ۲<br>جناب ندیم احمد — ۲<br>مزید براں جناب مونس عبداللہ انٹرنیشنل برانڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں اپنی شیئر ہولڈنگ کی روشنی میں آئی بی ایل او پس میں بلاواسطہ لگ بھگ ۲۰ فیصد کی شیئر ہولڈنگ رکھتے ہیں (جو کمپنی کے ۲۹۰،۰۸۱ اشیئرز کے حامل ہیں) |
| (VI) | منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر رائٹنگ میں پہلے سے کی جانے والی سرمایہ کاری ایسی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول کسی امپیئرمنٹ یا رائٹ آف کیلئے مکمل معلومات/ وضاحت | قابل اطلاق نہیں |
| (VII) | لین دین کو سمجھنے کے سلسلے میں ممبران کیلئے کوئی دیگر اہم اور لازمی تفصیل | کوئی نہیں |
| **(b)** | **ایکویٹی انویسٹمنٹ کی صورت میں مذکورہ بالا شق (اے) کے تحت فراہم کردہ کے علاوہ درج ذیل اعلانات** | |
| (i) | زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکیورٹیز حاصل کی گئی ہیں | زیادہ سے زیادہ ۱۴۸ء۶۴۸ پاک روپے فی شیئر |
| (ii) | قیمت خرید مارکیٹ ویلیو سے زائد ہونے کی صورت میں، لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں اور اَن لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں فیئر ویلیو، اس کی وضاحت | شیئرز کی قیمت کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی کی جانب سے تعین کردہ کمپنی کی فیئر ویلیو کے مساوی ہے جو بزنس کی نوعیت کیلئے درست طریقہ ہونے کی حیثیت سے پرائمری ویلیوایشن کے طریقہ کارے کے مطابق رعایت شدہ کیش فلو کی سمت تصور کی جاتی ہے۔ |
| (iii) | حاصل کی جانے والی سیکیورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | ہر ایک -/۱۰۰ پاک روپے (ایک سو روپے) کی ظاہری مالیت کے حامل ۵،۴۰۰،۰۰۰ (پانچ ملین چار سو ہزار) عمومی شیئرز |
| (iv) | مجوزہ سرمایہ کاری سے قبل اور بعد ازاں موجود سیکیورٹیز کی تعداد اور فیصدی شرح | موجودہ طور پر کمپنی ایس آئی وی کے کسی شیئر کی ملکیت نہیں رکھتی، سرمایہ کاری کے بعد کمپنی (بشمول کسی نامزد کردہ کے ذریعے) ایس آئی وی کے ۵،۴۰۰،۰۰۰ (پانچ ملین چار سو ہزار) عمومی شیئرز پر مشتمل ایس آئی وی کے جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل کے ۱۰۰ فیصد (ایک سو فیصد) حصے کی حامل ہوگی۔ |
| (v) | موجودہ اور سابقہ بارہ ہفتوں کا وزنی اوسط مارکیٹ نرخ جہاں سرمایہ کاری لسٹڈ سیکیورٹیز میں تجویز کی گئی ہے۔ | قابل اطلاق نہیں |

| | | |
|---|---|---|
| (vi) | لسٹڈ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاریوں کیلئے ریگولیشن ۵ کے ضمنی ریگولیشن (۱) کے مطابق تعین کردہ فیئر ویلیو | لگ بھگ ۱۴۸،۶۴۸ پاک روپے فی شیئر |

ایجنڈا آئٹم نمبر۳: منسلکہ کمپنی میں سرمایہ کاری۔ اسٹیلر وینچرز (پرائیویٹ لمیٹڈ)

۲۵ مئی ۲۰۲۳ء کو ۳ اکتوبر ۲۰۲۲ء کو انجام دیئے جانے والے اعلانات کے تسلسل میں یہ اعلان کیا گیا تھا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یونیورسل وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''یو وی پی ایل'') سے اسٹیلر وینچر (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''ایس وی پی ایل'') (بحیثیت کمپنی کی ایک منسلکہ کمپنی) کی ۱۰۰٪ (ایک سو فیصد) شیئر ہولڈنگ کے حصول کا معاملہ طے کرلیا ہے جو یو وی پی ایل سے واجب الادا کمپنی کے قابل وصول بیلنس کے حصے کے طور پر ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

مجوزہ لین دین سے کمپنی کو یو وی پی ایل سے کمپنی کے موجودہ واجب الادا قابل وصول بیلنس کو نمٹانے کیلئے ایک موقع ملا، جبکہ اسی وقت ان تین کمپنیوں میں شیئر ہولڈنگ (غیر براہِ راست) کے اضافے کے ذریعے کمپنی کے پورٹ فولیو کیلئے بنیادی اثاثہ جات میں بھی اضافہ ہوا نیز ایک بہترین لوکیشن پر ایک کمرشل جائیداد بھی حاصل ہوئی جو ایس وی پی ایل کے پاس موجود تھی، جس سے شیئر ہولڈرز کیلئے بہتر منافع جات حاصل ہو سکیں گے۔

ایس وی پی ایل کی ویلیوایشن کے مقاصد کیلئے جیسا کہ ریگولیشنز کے تحت درکار ہے، کمپنی نے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی کی خدمات حاصل کیں اور ان کی ۲۳ مئی ۲۰۲۳ء کی رپورٹ کی شرائط کے تحت ان کی جانب سے تجویز کردہ ویلیوایشن کے ذریعے معاونت کے تحت فروخت کنندہ کے ساتھ شرائط طے کی گئیں۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ ایس وی پی ایل کی لازمی مناسب احتیاط کی جا رہی ہے اور تجویز کیا گیا ہے کہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز مذکورہ معاملت کیلئے قراردادوں کی منظوری دیں۔

ریگولیشنز کے مطابق نوٹس کیلئے مطلوبہ منسلکہ معلومات ذیل میں دی گئی ہے:

| سیریل نمبر | تفصیل | درکار معلومات |
|---|---|---|
| (a) | سرمایہ کاری کی تمام اقسام کے لئے اعلانات | |
| (A) | منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر رائٹنگ سے متعلق | |
| (i) | منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر رائٹنگ کا نام | اسٹیلر وینچرز (پرائیوٹ) لمیٹڈ (''ایس وی پی ایل'') |
| (ii) | تعلقات کار کی بنیاد | مشترکہ ڈائریکٹرشپ۔ جناب مونس عبداللہ کمپنی کے ڈائریکٹر جو ایس وی پی ایل کے ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو بھی ہیں۔ |
| (iii) | گزشتہ ۳ سالوں کیلئے آمدنی/ (خسارہ) فی شیئر | مئی ۲۰۲۳ء: (۵۴۹،۰) فی شیئر<br>(نوٹ کرلیں کہ ایس وی پی ایل ۲۵ اپریل ۲۰۲۲ء کو بطور ایک ہولڈنگ کمپنی تشکیل دی گئی تھی) |
| (iv) | فی حصص کی بریک اپ ویلیو | اپریل ۲۰۲۳ء: ۵۷،۲۱۹.۴۹ روپے فی شیئر۔<br>(نوٹ کریں کہ چونکہ SVPL کو ۲۵ اپریل ۲۰۲۲ کو شامل کیا گیا تھا، اس لیے اس مرحلے پر مالی بیانات کا آڈٹ کروانے کی ضرورت نہیں ہے) |
| (v) | مالیاتی پوزیشن، بشمول مالیاتی پوزیشن کے بیان کے اہم آئٹمز اور منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ | مالیاتی پوزیشن کے بیان کے اہم آئٹمز (۳۰ اپریل ۲۰۲۳ کو ختم ہونے والی مدت کے لیے SVPL کے انتظامی اکاؤنٹس پر مبنی) درج ذیل ہیں:<br>اثاثے: روپے<br>جائیداد ۲,۸۶۵,۰۵۰,۰۰۰<br>طویل مدتی سرمایہ کاری ۲,۷۰۰,۳۰۰,۰۰۰<br>پیشگی ایڈوانس ۱۵۳,۸۰۳,۰۰۰<br>کیش اور بینک بیلنس ۵,۵۲۶,۰۰۰<br>دیگر قابل ادائیگی ۲,۷۳۰,۰۰۰<br>بیان کردہ مدت کے لیے مذکورہ اکاؤنٹس میں کمپنی کو تقریباً ۶.۶۵ روپے ملین کا آپریٹنگ نقصان ہے۔ |
| (vi) | وابستہ انڈرٹیکنگ کے کسی پروجیکٹ کے سلسلے میں سرمایہ کاری کی صورت میں جس نے کام شروع نہیں کیا ہے۔ | قابل اطلاق نہیں۔ |
| (B) | عمومی اعلانات | |
| (i) | کی جانے والی سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ رقم | SVPL کے حصص کے حصول کے لیے مجموعی رقم ۳,۷۵۰,۴۰۷,۰۵۳ روپے (تین ارب سات سو پچاس ملین چار سو سات ہزار ترپن روپے) ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| (ii) | مقصد،فوائداور سرمایہ کاری کی مدت۔ | جیسا کہ بورڈ کے ذریعہ طے کیا گیا ہے، اور وقتاً فوقتاً انکشاف کیا جاتا ہے، مجوزہ لین دین کمپنی کے موجودہ بقایاجات کوUVPL سے اثاثہ جات کے حصول کے ذریعے حل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے بغیر مزید نقد ادائیگی کیے یا کمپنی کی لیکویڈیٹی/کیش فلو میں کسی قسم کی کمی کا خطرہ لاحق ہے۔<br>ایس وی پی ایل کا مجوزہ حصول تین کمپنیوں میں شیئر ہولڈنگ (بالواسطہ طور پر) کے اضافے سے کمپنی کے اثاثہ جات میں اضافہ کرے گا، ساتھ ہی ایک اہم مقام پر ایک تجارتی جائیداد، جو ایس وی پی ایل کے پاس ہے، اس کے پورٹ فولیو میں ہے جس سے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے لیے منافع کی توقع ہے۔<br>بورڈ نے ایسی سرمایہ کاری کے لیے کوئی خاص مدت مقرر نہیں کی ہے۔ نتیجتاً، بورڈ کو یہ اختیار دیا جائے گا کہ وہ کمپنی کو ایسی سرمایہ کاری کرنے کا سبب بنائے جیسا کہ مناسب سمجھا جاتا ہے (بشمول اس یا اس کے کسی حصے کو وقتاً فوقتاً تصرف کرنا)۔ |
| (iii) | سرمایہ کاری کیلئے استعمال کئے جانے والے فنڈز کے ذرائع قرض شدہ فنڈ استعمال کرنے کا ارادہ ہے۔<br>قرضاجات کے ذریعے سرمایہ کاری کیلئے وضعت، ضمانت، گارنٹیز اور ان فنڈز کے لئے مکفول کردہ اثاثہ جات کی تفصیل | سرمایہ کار کمپنی کی جانب سے رائٹ ایشو کے حاصل شدہ رقوم سے کی جائے گی<br>کمپنی نے ۲۵ مئی ۲۰۲۳ کو رائٹ شیئرز کے اجراء کا اعلان کیا تھا۔ |
| (iv) | معاہدوں (معاہدوں) کی نمایاں خصوصیات، اگر کوئی ہے تو، مجوزہ سرمایہ کاری کے حوالے سے اس کی متعلقہ کمپنی یا متعلقہ انڈرٹیکنگ کے ساتھ کیا گیا ہے۔ | کمپنی کمپنی اورUVPL کے درمیان طے پانے والے حصص کی خریداری کے معاہدے کی شرائط پر گفت وشنید اور حتمی شکل دینے کے عمل میں ہے۔ حصص کی خریداری کے معاہدے کی شرائط میں، کمپنیSVPL کے جاری کردہ اور ادا شدہ حصص کیپٹل کا% ۱۰۰ (سو فیصد) حاصل کرے گی جس کی مجموعی قیمت قانونی اور ریگولیٹری تعمیل سے مشروط ۳,۷۵۰,۴۰۷,۰۵۳ روپے (تین ارب سات سو پچاس ملین چار سو سات ہزار ترپن روپے) ہے۔ بیچنے والا حصص اورSVPL کے حوالے سے معیاری نمائندگی اور وارنٹی فراہم کرے گا۔ |
| (v) | ڈائریکٹرز، اسپانسرز، اکثریتی حصص یافتگان اور ان کے رشتہ داروں کا بالواسطہ مفاد، اگر کوئی ہو، متعلقہ کمپنی یا اس سے منسلک، انڈرٹیکنگ یا زیرغور ٹرانزیکشن۔ | مسٹر مونس عبداللہ کے علاوہ جو ایک مشترکہ ڈائریکٹر اور متعلقہ فریق ہیں (جس نے شک سے بچنے کے لیے، خصوصی کاروبار پر مشتمل معاملے پر بورڈ کے اجلاس میں ووٹ نہیں دیا)، کمپنی کے باقی ڈائریکٹرز کے پاس کوئی براہ راست یا خصوصی کاروبار میں بالواسطہ دلچسپی، سوائے اور کمپنی میں ان کے متعلقہ حصص کی حد تک۔<br>SVPL کے ڈائریکٹر ہونے کے علاوہ، مسٹر مونس عبداللہUVPL کے ڈائریکٹر بھی ہیں اورUVPL کے % ۹۹ .۹۹ شیئرز رکھتے ہیں (جو بدلے میںSVPL کے % ۱۰۰ شیئر ہولڈنگ کے مالک ہیں)۔ |
| (vi) | متعلقہ کمپنی یا اس سے وابستہ انڈرٹیکنگ میں سرمایہ کاری پہلے ہی کی جا چکی ہے، اس طرح کی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول مکمل معلومات/کسی بھی خرابی یا رائٹ آف کا جواز۔ | قابل اطلاق نہیں۔ |
| (vii) | لین دین کو سمجھنے کے لیے اراکین کے لیے ضروری کوئی اور اہم تفصیل۔ | کوئی نہیں۔ |
| (b) | | |
| (i) | زیادہ سے زیادہ قیمت جس پر سیکیورٹیز حاصل کی جائیں گی۔ | تقریباً ۳۰۹.۹۵۱ روپے فی شیئر |
| (ii) | اگر قیمت خرید لسٹڈ سیکیورٹیز کے معاملے میں مارکیٹ ویلیو سے زیادہ ہے اور غیر لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں مناسب قیمت ہے تو اس کا جواز۔ | حصص کی خریداری کی قیمتKPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی کی طرف سے مقرر کی گئی کمپنی کی مناسب قیمت کے برابر ہے، جس نے رعایتی نقد فلو کے طریقہ کار کو بنیادی تشخیص کے طریقہ کار کے طور پر سمجھا، جو کہ کاروبار/اداروں/کی نوعیت کے لیے موزوں طریقہ ہے۔SVPL کے پاس موجود اثاثے |
| (iii) | حاصل کی جانے والی سیکیورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد۔ | ۱۲,۱۰۰,۰۰۰ (بارہ ملین ایک سو ہزار) عام شیئرز، جن کی قیمت -/۱۰ روپے (دس روپے) فی حصص ہے۔ |
| (iv) | مجوزہ سرمایہ کاری سے پہلے اور بعد میں موجود سیکیورٹیز کی تعداد اور ان کا فیصد۔ | فی الحال، کمپنی کے پاسSVPL کے کوئی حصص نہیں ہیں۔ سرمایہ کاری کے بعد، کمپنی کے پاسSVPL کے ۱۲,۱۰۰,۰۰۰ (بارہ ملین ایک سو ہزار) عام حصص (بشمول کسی بھی نامزد کے ذریعے) ہوں گے، جوSVPL کے جاری کردہ اور ادا شدہ حصص کیپٹل کا %۱۰۰ (سو فیصد) بنتے ہیں۔ |
| (v) | موجودہ اور پچھلے بارہ ہفتوں کی وزنی اوسط مارکیٹ کی قیمت جہاں فہرست شدہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کی تجویز ہے۔ | قابل اطلاق نہیں ہے۔ |
| (vi) | غیر فہرست شدہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے لیے ضابطہ 5 کے ذیلی ضابطے (1) کے لحاظ سے طے شدہ مناسب قیمت۔ | تقریباً ۳۰۹.۹۵۱ روپے فی شیئر |

ایجنڈا آئٹم نمبر ۴:

کمپنی کے اراکین کو سالانہ رپورٹ/سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل۔

تکنیکی ترقی کے پیش نظر،اوراس بات کومدنظر رکھتے ہوئے کہ پرانی ٹیکنالوجی متروک ہوتی جارہی ہے،سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان("SECP") نے S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 نے درج کمپنیوں کو سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات، آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ) کمپنی کے ممبران کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجنے کی اجازت دے دی ہے۔ ایس ای سی پی نے یہ بھی اجازت دی ہے کہ CD/DVD/USB کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل بند کی جاسکتی ہے۔

مذکورہ SRO کے مطابق، یہ کمپنی کے اراکین کی منظوری سے مشروط ہے۔

ٹیکنالوجی میں پیشرفت کے زیادہ سے زیادہ استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ماحولیات اور پائیداری کے لیے کمپنی کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے، کمپنی مستقبل میں سی ڈی کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی ترسیل بند کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ نتیجتاً، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ ممبران کو سالانہ رپورٹ (بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور اس میں موجود دیگر رپورٹس) QR-فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کرنے عام قرارداد جیسا کہ اس نوٹس میں درج ہے منظور کی جائے۔

یہ انتظام تمام اراکین کو کمپنی کے مالی بیانات تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کرے گا جہاں بھی وہ موجود ہیں۔ مزید برآں، یہ سی ڈیز بنانے کے لیے غیر ضروری اخراجات کو بھی کم کرے گا۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ اگر کوئی ممبر سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہتا ہے تو ایسے ممبر کو مذکورہ ایس آر او کے مطابق اس کا پرنٹ شدہ ورژن مفت فراہم کیا جائے گا۔ اس حق/استحقاق میں کوئی تبدیلی تجویز نہیں کی جارہی ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز میں سے کسی کی بھی مذکورہ خصوصی کاروبار میں کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہے، سوائے کمپنی کے ممبران اور ڈائریکٹرز کی حیثیت میں ہیں-

ایجنڈا آئٹم نمبر ۵: کمپنی کے مجاز حصص کے سرمائے میں اضافہ۔

کمپنی کے جاری کردہ اور ادا شدہ حصص کیپٹل/حصص کے اجراء میں مستقبل میں اضافے کو پورا کرنے کے لیے، بشمول مستقبل میں اسٹاک ڈیویڈنڈ جاری کرنا یا رائٹ شیئرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ مجاز شیئرز کمپنی کے سرمائے میں اضافہ کیا جائے۔ یہ اجاگر کرنا ضروری ہے کہ کمپنی کے مجاز حصص کیپٹل کو بڑھانے کی فیس میں پہلے ہی اضافہ ہو چکا ہے۔ اور یہ توقع ہے کہ اسی میں مزید اضافہ ہوگا۔

، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فیصلہ کیا ہے اسی کی روشنی میں اور مستقبل میں حصص کے ممکنہ اجراء کے لیے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فیصلہ کیا ہے ( کمپنی کے اراکین کی منظوری حاصل کرنے سے مشروط ) کہ کمپنی کے مجاز حصص کے سرمائے کو ۶,۰۰۰,۰۰۰,۰۰۰ روپے. سے (چھ بلین روپے)، جو ۱۰ روپے-/(دس روپے) کے ۶۰۰۰۰۰۰۰۰ (چھ سوملین) عام حصص میں تقسیم ہے بڑھا کر -/۷,۰۰۰,۰۰۰,۰۰۰ روپے (سات ارب روپے) کردیا جائے جو ۱۰ روپے (دس روپے) کے ۷۰۰۰۰۰۰۰۰ (سات سوملین) کے عام حصص میں تقسیم ہے ۔ اس کے مطابق، کمپنی کے مجاز حصص کے سرمائے میں میں اضافے کی رقم ۱,۰۰۰,۰۰۰,۰۰۰ روپے (ایک ارب روپے) کے برابر ہوگی، جس میں ۱۰ روپے (دس روپے) کے ۱۰۰۰۰۰۰۰۰ (ایک سوملین) اضافی عام حصص شامل ہیں۔

اسی مقاصد کے لیے، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں متعلقہ ترامیم کی ضرورت ہے تاکہ کمپنی کے مجاز حصص کیپٹل میں اضافہ کو ظاہر کیا جاسکے، جیسا کہ جنرل کے نوٹس میں ظاہر ہونے والی مجوزہ قراردادوں میں تفصیل دی گئی ہے-

مذکورہ بالا کے لیے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۸۵ کے مطابق خصوصی قراردادوں کے ذریعے کمپنی کے اراکین کی منظوری درکار ہے۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ کمپنی کی ایسوسی ایشن کے میمورنڈم اور آرٹیکلز میں مطلوبہ تبدیلیاں قانون اور ریگولیٹری فریم ورک کے قابل اطلاق شقوں کے مطابق ہیں۔
کمپنی کے ڈائریکٹرز میں سے کسی کی بھی مذکورہ خصوصی کاروبار میں کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہے، سوائے کمپنی کے ممبران اور ڈائریکٹرز کی حیثیت میں ہیں-